نمبر (۳)
جلد (۲)

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

# مسلمان

## امرتسر

بابت ماہ جولائی سنہ ۱۹۰۹ء

## اسلامی خبرین

قسطنطنیہ کی خبریں ظاہر کرتی ہیں کہ شوکت پاشانے ریوٹر کے نامہ نگار سے ظاہر کیا کہ یونانی جو شکار ٹرکی میں کھیل رہے ہیں وہ خطرے سے خالی نہیں۔ گورنمنٹ کو معلوم ہوا ہے کہ وہ باغیانہ مقاصد کیلئے بندوقیں منگا رہے ہیں۔ ہفتہ گذشتہ میں چار ہزار ناجائز اسلحہ گرفتار ہوئے کریٹ کی بابت ایسے ہی سمجھوتہ کی تجویز پیش کی جیسا کہ ساموس کے بارہ میں ہوا تھا۔

جرمن کے تاروں سے پایا جاتا ہے کہ سلطنت عثمانیہ نہایت سرعت اور مستعدی سے فوج اور بیڑے کی تیاری میں مصروف ہے۔ تاکہ دول کو کریٹ سے نکالنے کیلئے فوجی طاقت سے عند الضرورت کام لے سکے۔

یہہ بھی معلوم ہوا ہے کہ شوکت پاشا ایک جنگی اسکیم کی تیاری میں منہمک ہیں۔ جس پر یونان سے جنگ کے چھڑ جانے کی صورت میں عمل کیا جا سکے۔

ترک فوجی تیاریاں کر رہے ہیں۔ رزرو فوج طلب کی جا رہی ہے کہ کریٹ پر فوجی کارروائی کرنی پڑے تو دقت نہو۔ سرحد کی یونانی فوج کو حکم ملا ہے کہ وہ ترکوں سے دور رہے۔

فوراً چار شاہی جہاز مقرر ہونیوالے ہیں۔

# فہرست کتب وغیرہ

## اخبار اہلحدیث

یہ اخبار دین و دنیا کا مجموعہ ہے اسمیں مذہبی اور اخلاقی مضامین فتوے۔ اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات اور ایک دو صفحوں پر دنیا بھر کی چیدہ چیدہ خبریں درج ہوتی ہیں۔ قیمت سالانہ عہ ۱۲/

مینیجر اہلحدیث امرتسر

## مرقع قادیانی

مرزا قادیانی کے بہت سے مضامین کی تردیدوں کا مجموعہ۔ قیمت مع محصول عصہ/

## مرقع دیانندی

اس رسالہ میں سوامی دیانند جی کا کچا چٹھا دکھایا گیا ہے۔ بڑا لطیف اور قابل دید رسالہ ہے قیمت صرف ۳/

## تقابل ثلاثہ

توریت انجیل اور قرآن کا مقابلہ صفحہ کے تین کالموں میں تینوں کتابوں کی اصل عبارتیں منقول ہیں نیچے حواشی ہیں فرق بتلا کر قرآن مجید کی فضیلت ثابت کیگئی ہے عیسائیوں کی بحث کا انقطاعی فیصلہ ہے۔ قیمت مع محصولڈاک عصہ/

## حق پرکاش

آریوں کے گرو دیانند جی نے ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر شروع سے اخیر تک جو اعتراض کئے ہیں انکا یہ مفصل اور مکمل جواب دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ قیمت ۸/

## ترک اسلام

مہاشہ دہرم پال دنو آریہ سابق عبدالغفور کے رسالہ ترک اسلام کا معقول اور مفصل جواب۔ شروع میں نبوت محمدیہ کا ثبوت اور اخیر میں قرآن مجید کے الہامی ہونے کے دلائل قیمت ۶/

## الہامی کتاب

وید اور قرآن کے الہام پر مسلمان اور آریہ عالموں کی مفصل بحث کیا ہے تمام مباحث کا فیصلہ ہے۔ قرآن مجید کے الہامی ہونیکا پورا اور کامل ثبوت ہے۔ قیمت ۶/